# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | | سبق کا نام: چھوٹی سی نیکی | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ گتے کا ڈبا، سبق کے چار سوالات کی پرچیاں۔ ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- ایک چوکور ڈبا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔
- ڈبے کے چاروں اطراف رنگ برنگے کاغذ کی چار جیبیں بنا دیں۔
- ان میں چار سوالات کی پرچیاں ڈال دیں۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- کسی گروہ میں سے ایک بچے کو بلائیں۔
- اُسے ڈبا گھما کر زمین پر ایسے لڑھکانے کو کہیں جیسے لڈّو کا دانہ پھینکا جاتا ہے۔
- پھینکے جانے پر ڈبے کی جو جیب اوپر کی جانب آئے۔ اس جانب سے پرچی نکال کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں۔
- اور متعلقہ گروہ جواب دے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی سوالات پر مختلف بچوں سے کروائیں۔
- سرگرمی کا مقصد بچوں میں پڑھائی کے لیے تحریک پیدا کرنا ہے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- جماعت کے بچوں کو سوالات کے جوابات اچھی طرح سمجھا دیں۔
- اس کے بعد پہلے بچوں سے زبانی طور پر سوالات کے جوابات حاصل کرنے کے لیے صفحہ نمبر 4 پر دیے گئے سوالات اور جوابات الگ الگ پرچیوں پر لکھ کر جماعت میں لائیں اور اِن پرچیوں کو جماعت کے بچوں میں تقسیم کر دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ اپنے پاس موجود پرچیوں پر لکھے ہوئے سوالات اور جوابات کو پڑھیں۔
- اب جن بچوں کے پاس سوالات کی پرچیاں ہوں وہ بورڈ کے دائیں جانب کھڑے ہو جائیں۔
- ایک بچہ سوال پڑھے، جماعت میں موجود جس بچے کے پاس اس کا جواب ہو، وہ بورڈ کے بائیں جانب آ جائے۔

- اسی طرح تمام سوالات اور ان کے درست جوابات کی نشان دہی کروائیں۔
- اس کے بعد تمام سوالات کے جواب لکھوانے کے لیے تمام سوالات بورڈ پر لکھ لیں۔
- اس کے بعد ایک ٹوکری میں سب بچوں کے ناموں کی بند پرچیاں ڈالیں۔ کوئی سی ایک پرچی نکالیں۔
- جس بچے کا نام آئے اس سے سوال کا جواب پوچھیں۔
- وہ بچہ سوال کا جواب بورڈ پر لکھے گا اسی طرح اگلے بچے کے نام کی پرچی نکال کر اس کا نام پکاریں اور سوال کا جواب لکھوائیں۔
- آخر میں بورڈ پر سوالات کے جوابات لکھیں اور بچوں سے مکمل سوالات کے جوابات کی خواندگی کروانے کے بعد بچوں کی کاپیوں پر سوالات کے جوابات لکھوائیں۔

**اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو مختصر اًسوالات کے جوابات پڑھا دیں۔

**جائزہ:**(5منٹ)بورڈ پر چند سوالات لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جواب لکھوائیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ)جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

ا۔ دیے گئے سوالات کے جواب لکھیں۔

(الف) نیکی کسے کہتے ہیں؟

---

---

(ب) حامد نے پہلے دن کون سی نیکی کمائی؟

---

---

(ج) حامد نے اپنے دن کی ابتدا کس نیکی سے کی؟

---

---

(د) حامد کے استاد صاحب نے حامد سے کیا کہا؟

---

---

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: چھوٹی سی نیکی | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ گھنٹی، کرسی، ڈبا، کارڈ۔

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں ہر گروہ سے دو بچوں کو بلا لیں۔
- اب بچوں کے ساتھ میوزیکل چئیر والی گیم کھیلیں۔
- جماعت میں ایک طرف چند کرسیاں دائرے میں رکھیں۔ بچوں کی تعداد کے مطابق ایک کرسی کم ہونی چاہیے۔
- بچوں کو کرسیوں کے گرد گھومنے کے لیے کہیں اور گھنٹی بجانا شروع کر دیں۔
- گھنٹی بجانا اچانک بند کر دیں۔
- آواز بند ہوتے ہی بچے تیزی سے کرسیوں پر بیٹھیں گے۔
- جو بچہ کھڑا رہ جائے اس سے سبق میں سوال 3 میں سے کوئی سوال پوچھیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ ساتھ ہی ایک کرسی کم کر دیں۔
- کھیل دوبارہ شروع کریں یہ سرگرمی اس وقت تک کریں جب تک ایک کرسی اور 2 بچے نہ رہ جائیں۔
- جیتنے والے بچے کے گروہ کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں سے کہیں آج ہم سبق سے متعلق درست جوابات کی نشان دہی کریں گے۔
- کتاب کے سوال 2 کے تحت جملوں کی پانچ پرچیاں بنائیں۔
- اب پانچ کارڈ لیں، جن پر تین ممکنہ جوابات ہوں ہر سوال کے تین کارڈ اور کل پندرہ کارڈ بنائیں۔
- اب ہر جملے کی پرچی اور اس سے متعلقہ تین کارڈ ایک ایک ڈبے میں ڈال دیں۔

| |
|---|
| • بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں۔<br>• اور ہر گروہ کو ایک ایک ڈبا دے دیں۔<br>• بچوں کو مقررہ وقت دیں کہ وہ پرچی سے سوال کو پڑھ کر اس کے ممکنہ جواب والے کارڈ پر دائرہ لگائیں۔<br>• اس دوران سوالات کو بورڈ پر لکھ لیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد کوئی ایک جملہ بولیں۔ جس گروہ کے پاس یہ جملہ ہو گا۔ ان میں سے ایک بچہ بورڈ پر آکر جملے کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔<br>• اسی طرح باقی چاروں جملوں کی بھی خواندگی کروائیں اور جوابات لیں۔<br>• سرگرمی کے اختتام پر بچوں سے اچھی کارکردگی والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں اور انھیں کوئی انعام دیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) بچوں سے سبق کی پڑھائی کرواکر انھیں جماعت کے سامنے آکر اہم نکات کو بیان کرنے کے لیے کہیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | | سبق کا نام: چھوٹی سی نیکی | |
| **مقاصد:** سبق کے بارے میں اظہار خیال کر سکیں۔<br>الفاظ کے آخری حروف سے نئے الفاظ بنا سکیں۔ | | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ الفاظ کی پرچیاں، ورک شیٹ | | | |
| **تحریکی سرگرمی:**(5منٹ)<br>• کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔<br>• بچوں سے گزشتہ روز کروائے گئے سبق کے بارے میں پوچھیں۔<br>• بچوں سے پوچھیں کہ گھر میں وہ اپنی امی جان کا کن کن کاموں میں ہاتھ بٹاتے ہیں؟<br>• ان کے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ | | | |

- سوال نمبر 5 میں دیے گئے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔
- الفاظ کی خواندگی کروائیں اور الفاظ کے حروف لکھیں۔

اب پہلا لفظ لیں:

| |
|---|
| مدد |

| | | |
|---|---|---|
| م | د | د |

- بچوں کو بتائیں مدد تین حروف سے مل کر بنا ہے اور آخری حرف د ہے۔
- انھیں ہدایت دیں کہ د سے کوئی لفظ بنائیں جیسے دعوت۔ اسی طرح دعوت کا آخری حرف ت ہے ت سے تتلی۔
- بچوں کو سرگرمی کا طریقہ کار سمجھانے کے بعد مختلف الفاظ کی پرچیاں بنائیں اور ٹوکری میں ڈال دیں۔
- بچوں کی دو، دو کی جوڑیاں بنادیں۔
- ہر جوڑی میں سے ایک بچے کو بلائیں اور پرچی اٹھانے کو کہیں۔
- سب بچوں کو پرچیاں دینے کے بعد انھیں ہدایت دیں کہ پرچی پر لکھا لفظ پڑھیں اور اس کے آخری حرف سے مزید تین الفاظ بنائیں۔
- اس سرگرمی کے لیے انھیں مقررہ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد بچوں کو بلائیں اور انھیں اپنے بنائے گئے الفاظ پوری جماعت کے سامنے بتانے کے لیے کہیں۔
- اس تحریک کا مقصد بچوں میں الفاظ سازی کی مشق کرانا ہے۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں سے سوال نمبر 4 کی سرگرمی کروانے کے لیے انھیں ایک دائرے میں بٹھائیں۔
- تمام بچوں سے کتاب کھولنے کا کہیں۔
- اور سبق کا خاموشی سے مطالعہ کروائیں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ سبق کو غور سے پڑھیں اور اہم نکات کو ذہن میں رکھیں۔
- پڑھائی کے بعد بچوں کو ہدایت دیں کہ اہم نکات اپنی کاپی میں لکھیں۔
- اس کام کے لیے بچوں کو مخصوص وقت دیں۔
- وقت مکمل ہونے کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ ایک ایک کر کے جماعت کے سامنے آئیں اور اپنے اپنے لکھے گئے نکات اپنے ساتھیوں کو سنائیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی جماعت کے تمام بچوں کو کروائیں۔
- آخر میں ایک بار خود سبق کے اہم نکات بچوں کو بتائیں اور بچوں سے پوچھیں کہ انھوں نے اس سبق سے کیا سیکھا؟

**اعادہ:** (3منٹ) جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر متفرق بچوں کو بلائیں اور انھوں نے اس سبق سے کیا سیکھا۔ اپنے خیالات کا اظہار دو سے تین جملوں میں کرنے کے لیے کہیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی مشق کرنی ہے۔ ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

ا۔ دیے گئے الفاظ کے آخری حروف سے نئے الفاظ بنا کر زنجیر مکمل کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مکمل | | | | |
| نیکی | | | | |
| حیرت | | | | |
| تلقین | | | | |
| پتھر | | | | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | | سبق کا نام: چھوٹی سی نیکی | |

**مقاصد:** عبارت کی تفہیم کر سکیں۔
اسم معرفہ کی پہچان کر سکیں۔
واحد اور جمع کا فرق جملوں میں واضح کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ جملوں کے کارڈز، پرچیاں، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں اور ہر گروہ سے ایک لیڈر مختص کریں۔
- بچوں کو کتاب کے صفحہ نمبر 31 کا سوال نمبر 6 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے عبارت خاموشی سے پڑھنے کے لیے کہیں۔
- عبارت پڑھنے کے بعد عبارت کے نیچے لکھے تمام سوالات بورڈ پر لکھیں۔
- اب ہر گروہ سے باری باری سوالات کے جواب لیں۔
- جس گروہ کے بچے زیادہ اور درست جوابات دیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔
- جیتنے والے گروہ کے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- اگلی سرگرمی کے لیے بورڈ پر خاص نام لکھیں۔ جیسے: قائداعظم، راوی، جھیل، سیف الملوک، شالامار باغ وغیرہ۔
- بچوں کی ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔
- بچوں سے پوچھیں اسم معرفہ کسے کہتے ہیں۔ انھیں بتائیں کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کے نام کو اسم معرفہ کہتے ہیں۔
- انھیں بتائیں بورڈ پر لکھے تمام الفاظ اسم معرفہ ہیں کیونکہ خاص شخص، دریا، جھیل اور باغ کے نام ہیں۔
- سوال نمبر 7 کی سرگرمی کروانے کے لیے جملوں پر مشتمل 5 کارڈز بنائیں اور ان کے ممکنہ جوابات کی دو، دو پرچیاں بھی بنائیں۔
- بچوں کے پانچ گروپ بنائیں اور ہر گروپ کو ایک کارڈ اور اس کے دو ممکنہ جواب والی پرچیاں دیں اور انھیں باہم مشورے کے ساتھ جواب تلاش کرنے کا کہیں۔

- مقررہ وقت کے بعد گروہ میں سے ایک بچے کو بلائیں اور درست جواب لیں۔
- صحیح جواب دینے والے گروہ کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- سوال نمبر 8 کے لیے بورڈ پر جملے لکھیں۔
- اور متفرق بچوں کو بورڈ پر بلا کر جملے مکمل کرنے کو کہیں۔
- بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**اعادہ:**(3 منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5 منٹ) بچوں سے کاپیوں پر اسم معرفہ کی تعریف لکھوائیں۔

**گھر کا کام:**(2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

ا۔ درست واحد یا جمع لگا کر جملے مکمل کریں۔

- میرے پاس چار ___________ ہیں۔
- دریا میں ___________ تیر رہی ہیں۔
- سکول میں تمام ___________ بڑے اور ہوادار ہیں۔
- کھیل انسان کو مختلف ___________ سے دور رکھتے ہیں۔
- ___________ کھانا کھا رہا ہے۔
- بازار کی سب ___________ کھلی ہیں۔
- میرے پاس ایک ___________ ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 3 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام: چھوٹی سی نیکی | |

**مقاصد:** کسی بھی موضوع پر دس مربوط جملے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ شیٹیں

## تحریکی سرگرمی:(5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کی دو، دو جوڑیاں بنا دیں۔
- اب ہر جوڑی کو ایک ایک شیٹ دیں اور انھیں اپنی اچھی عادات لکھنے کے لیے کہیں۔
- اس سرگرمی کے لیے انھیں مقررہ وقت دیں۔
- کلاس میں جائزہ لیں جن بچوں کو مدد کی ضرورت ہو انھیں رہ نمائی فراہم کریں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر جوڑی کو کلاس کے سامنے بلائیں اور اپنے بارے میں لکھے گئے جملے سنانے کو کہیں۔
- بچوں میں جوش پیدا کرنے کے لیے انھیں اپنی بھی پانچ اچھی عادات کے بارے میں بتائیں۔
- انھیں بتائیں کہ ہر انسان میں کچھ خوبیاں اور کچھ خامیاں ہوتی ہیں۔ خوبیوں کی وجہ سے ہی ہر انسان دوسروں کی نظروں میں اپنی قدر و منزلت بناتا ہے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- اب بورڈ پر سوال نمبر 9 میں دیا گیا موضوع "والدین سے بھلائی"، لکھیں۔
- بچوں کو والدین سے بھلائی کی اہمیت قرآن و حدیث کی روشنی میں بتائیں۔
- انھیں بتائیں قرآن مجید میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

ترجمہ: والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرو اگر تمھارے پاس ان میں سے ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انھیں اُف تک نہ کہو اور مت جھڑکو۔

- بچوں کو بتائیں کہ ان آیات کی روشنی میں یہ بات واضح ہوتی ہے کہ ہمیں اپنے والدین کے ساتھ نیکی کرنی چاہیے ان کا حد درجہ احترام کرنا چاہیے۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کو ایک سادہ شیٹ دیں۔
- ان سے کہیں کہ وہ آپس میں بات چیت کر کے "والدین سے بھلائی" کے موضوع پر دس مربوط جملے لکھیں۔
- اس کام کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو شیٹ سمیت بلائیں اور اپنے لکھے جملے پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔
- پڑھائی کے دوران ہونے والی غلطیوں کو ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھتے جائیں بچوں کو دورانِ پڑھائی نہ ٹوکا جائے۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں کے بچوں سے بھی کروائی جائے۔
- بعد ازاں نوٹ کی گئی غلطیوں کی درستی کروائیں۔

**اعادہ:(3منٹ)** پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:**(5منٹ) والدین سے بھلائی سے متعلق ایک قرآنی آیت، حدیث مبارک کا ترجمہ کاپیوں پر لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی گھر میں مشق کرنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:سوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: چھوٹی سی نیکی | |

**مقاصد:** کسی موضوع پر تقریر کر سکیں۔

روز مرہ زندگی میں بجلی، گیس اور ذرائع ابلاغ کے درست استعمال سے متعلق آگاہی حاصل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ شیٹیں

## تحریکی سرگرمی:(5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو گروہی شکل میں بٹھائیں۔
- انھیں انٹرنیٹ کے استعمال پر ایک ایک پیراگراف چارٹ پر لکھوائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ انٹرنیٹ ابلاغ کا اہم ذریعہ ہے لہٰذا ہمیں انٹرنیٹ کا مثبت استعمال کرنا چاہیے۔
- بچوں کو بتائیں کہ بجلی، پانی اور گیس کو احتیاط کے ساتھ استعمال کرنا چاہیے۔
- پیراگراف لکھنے کے لیے بچوں کو مقررہ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد بچوں کو ایک ایک کر کے بورڈ بلوائیں اور اہم نکات بورڈ پر لکھنے کو کہیں۔
- آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- مشق کے سوال نمبر 11 کی سرگرمی مکمل کروانے سے پہلے بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی موضوع پر پیراگراف یا چند سطریں لکھنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ اس موضوع کے بارے میں بنیادی اور اہم باتیں جانتے ہوں۔
- آپ کے پاس ذخیرہ الفاظ موجود ہو۔ آپ جملوں میں ربط اور دل چسپی کا عنصر قائم رکھ سکتے ہوں۔
- آپ کا تحریر کردہ پیراگراف یا جملے بالکل درست املا اور موضوع کی مناسبت سے ہوں۔
- اب ہر گروہ میں دیے گئے موضوع پر تقریر تیار کروائیں۔

| |
|---|
| • موضوع سے متعلق معلومات پر مبنی پرچیاں ہر گروپ میں تقسیم کریں۔<br>• اور ہدایت دیں کہ بچے مل کر دی گئی معلومات پر تقریر تیار کریں۔<br>• باری باری ہر گروپ کے پاس جائیں اور تقریر کے دوران جملوں کے اُتار، چڑھاؤ، لب ولہجہ اور تلفظ اور الفاظ کی ادائی سے متعلق طلبہ کو ہدایات دیں۔<br>• تیاری کے بعد تقریب کا اہتمام کریں اور بچوں کو اپنی اپنی تقاریر پیش کرنے کی ہدایت کریں۔<br>• بہترین مقرر کی حوصلہ افزائی کی جائے اور انعام سے نوازا جائے۔ |
| **اعادہ:(3 منٹ)** بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا بھی اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:(5 منٹ)** متفرق بچوں سے کتاب میں دیے گئے موضوع سے متعلق بورڈ پر جملے لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:(2 منٹ)** جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |